نسلی مساوات کے فروغ پر
موجودہ اور مجوزہ اقدامات

چیف گورنمنٹ انفارمیشن آفیسر کا دفتر
(آفس آف دی گورنمنٹ چیف انفارمیشن آفیسر)

چیف گورنمنٹ انفارمیشن آفیسر (OGCIO) کا دفتر محفوظ اور آسان ڈیجیٹل سرکاری خدمات کی فراہمی اور صارف کے تجربے کو بہتر بنانے میں جدت اور ٹیکنالوجی کے استعمال کے لیے پرعزم ہے۔ OGCIO تمام عوام کی ان کی نسل سے قطع نظر، اپنی خدمات تک مساوی رسائی کو یقینی بنانے کو بہت اہمیت دیتا ہے۔ اس سلسلے میں درج ذیل اقدامات کیے گئے ہیں ۔

متعلقہ خدمات	• GovHK (www.gov.hk) معاشرے کے مختلف شعبوں کے صارفین کو حکومتی معلومات اور آن لائن خدمات کے لیے صارف پر مبنی اور صارف دوست پلیٹ فارم فراہم کرتا ہے۔ • عوام OGCIO کے بارے میں OGCIO کی ویب سائٹ پر یا ای میل یا ٹیلی فون انکوائری کے ذریعے معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔
موجودہ اقدامات	• GovHK کے ذریعے، مختلف نسل کے لوگوں کو ان کے لیے فراہم کردہ معلومات اور خدمات کے لیے اداروں اور محکموں (B/Ds) کی محکمانہ اور موضوعاتی ویب سائٹس کے بارے میں راہنمائی دی جا سکتی ہے۔ • مختلف نسل کے لوگوں کے لیے ایک مختص کثیر اللسانی پلیٹ فارم GovHK پر دسمبر 2010 میں متعارف کرایا گیا ہے۔ مختلف اداروں اور محکموں (B/Ds) کی طرف سے فراہم کردہ ضروری معلومات کے لنکس کل آٹھ زبانوں میں دستیاب ہیں (چائینیز اور انگریزی کے علاوہ)۔ ہر مخصوص زبان کے ویب پیج پر تلاش کا فنکشن مختلف نسلوں کے صارفین کو معلومات کو زیادہ آسانی سے تلاش کرنے کے قابل بناتا ہے۔ • فی الحال، GovHK کے لیے ہیلپ ڈیسک سروس 1823 فراہم کر رہا ہے، اور مختلف نسل کے لوگوں کی کالز اور ای میلز کو نسلی اقلیتی مرکز(سینٹر فار ہارمنی اینڈ اینہانسمنٹ آف ایتھنک مائینارٹی ریذیڈنٹس) (CHEER) کو بھیج سکتا ہے۔ CHEER کال کرنے والوں کے ساتھ بات چیت کرے گا، اور اگر ضروری ہوا تو، مدد کے لیے انہیں متعلقہ اداروں اور محکموں (B/Ds) کے پاس بھیجے گا۔ • OGCIO کے بارے میں معلومات OGCIO کی ویب سائٹ پر چائینیز اور انگریزی دونوں زبانوں میں دستیاب ہے۔

- جہاں ضروری اور مناسب ہوا ترجمانی کی خدمات کا اہتمام کیا جائے گا۔

مستقبل کے کام کا جائزہ	• ہم اداروں اور محکموں (B/Ds) کے ساتھ مل کر کثیر اللسانی پلیٹ فارم اور GovHK پر فراہم کردہ ہائپر لنکس اور معلومات کو اپ ڈیٹ کرنے کے لیے کام کریں گے۔ • OGCIO موجودہ اقدامات کا باقاعدگی سے جائزہ لے گا اور مناسب طور پر بہتری لائے گا۔
اضافی اقدامات جو لیے گئے/ لیے جائیں گے	• ہم مختلف نسل کے لوگوں سے متعلقہ مزید مواد کو GovHK سے منسلک کرنے کے لیے اداروں اور محکموں (B/Ds) کے ساتھ کام کریں گے۔ • عملے کے لیے تربیت کا اہتمام کیا جائے گا تاکہ نسلی مساوات کے بارے میں ان کی آگہی اور حساسیت کو بڑھایا جا سکے۔

نسلی مساوات کے فروغ سے متعلق موجودہ اور مجوزہ اقدامات کے بارے میں استفسارات کے لیے، براہ کرم درج ذیل ذرائع سے مسٹر بورس لیونگ (Mr Boris LEUNG)، سینئر ایگزیکٹو آفیسر(ایڈمنسٹریشن)1 سے رابطہ کریں -

ٹیلی فون نمبر	:	3847 7439
فیکس نمبر	:	2802 4549
ای میل	:	enquiry@ogcio.gov.hk
ڈاک کا پتہ	:	12/F, Treasury Building, No. 3 Tonkin Street West, Cheung Sha Wan, Kowloon

چیف گورنمنٹ انفارمیشن آفیسر کا دفتر
(آفس آف دی گورنمنٹ چیف انفارمیشن آفیسر)

جون 2023